UNIVERSAL
LIBRARY

OU_232818

UNIVERSAL
LIBRARY

ما/٥١

هو اللطيف

# اسلامي مجلس مذاکرهٔ علميه کلکته

نمبر ا

اين تحريري است بعبارت اُردو

بتلخيص مضامين رسالهٔ اثبات جواز و استحباب عمل مولد شريف مصنفهٔ

عاليجناب مولوي محمد وجيه صاحب

نگاشتهٔ

جناب مولوی ابوالقاسم عبد الحکيم صاحب

و برخوانده

بدومين و سومين ماهانه جلسات سال اول مجلس مذکور الفوق

حسب انعقاد يافتهٔ ۲۳ شهر ذي القعدة الحرام

و ۲۷ شهر ذي الحجة الحرام سنه ۱۲۷۹ هجري قدسي

بخانهٔ

جناب مولوي عبد اللطيف خان بهادر

از طرف مجلس ممدوح

بمطبع بپتست مشن پريس واقع دار الامارت کلکته بقالب طبع درآمد

۱۲۸۲ هجري قدسي

هوالطيف

# اسلامي مجلس مذاكرهٔ علميهٔ كلكته

نمبر ١

اين تحريري است بعبارت اُردو

بتلخيص مضامين رسالهٔ اثبات جواز و استحباب عمل مولد شريف مصنفهٔ

عاليجناب مولوي محمد وجيه صاحب

نگاشتهٔ

## جناب مولوي ابوالقاسم عبد الحكيم صاحب

و برخوانده

بدومين و سومين ماهانه جلسات سال اول مجلس مذكور الفوق

حسن انعقاد يافتهٔ ٢٣ شهر ذي القعدة الحرام

و ٢٧ شهر ذي الحجة الحرام سنه ١٢٧٩ هجري قدسي

بخانهٔ

## جناب مولوي عبد اللطيف خان بهادر

از طرف مجلس ممدوح

بمطبع بپتست مشن پريس واقع دارالامارت كلكته بقالب طبع درآمد

١٢٨٢ هجري قدسي

۲۰۵۰۵

# پیٹرن

یعنی

حامي و مربي مجلس

## جناب معلی القاب آنربل سیسل بیڈن صاحب بہادر

نواب لفٹننٹ گورنر بنگالہ

---

## صدر مجلس وصدر کمیٹي انتظامي

عالیجناب مولوي محمد وجیه صاحب

---

## نائبان صدر

عالیجناب قاضي عبد الباري صاحب

عالیجناب مولوي حافظ عجیب احمد صاحب

---

## ممبران کمیٹي انتظامي

جناب منشي امیر علي خان بہادر

جناب مولوي سید اعظم الدین حسن خان بہادر

جناب مولوي عباس علي خان صاحب

جناب منشي حبیب الحسن صاحب

جناب لسان السلطان محمود الدوله منشي صفدر علي خان بہادر

جناب ناخدا حسن ابراهیم بن جوهر صاحب

جناب مولوي محمد عبد الرؤف صاحب

جناب مولوي دلیل الدین احمد خان بہادر

جناب مولوي ابو القاسم عبد الحکیم صاحب

جناب مولوي عبد الحق صاحب

---

## سکریٹري مجلس وممبر وسکریٹري کمیٹي انتظامي

جناب مولوي عبد اللطیف خان بہادر

# بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذي جعلنا في امة خاتم المرسلين * وجعله شافعا لنا يوم الدين * وشرّف علماءنا بانواع الفضائل والتبجيل * حتى اجرى على لسان رسوله الجليل النبيل * علماء امتي كانبياء بني اسرائيل * فاشكروا على آلائه الوافرة وافضاله الباهرة بالشكر الجميل * وسبّحوا بحمده في البكور والاصيل * والصلواة والسلام على من هو الباعث لتشريفنا بهذه المكارم دون غيرنا * والدافع عنا كلّ ضرّنا وضيرنا * والرافع عنا كلّ شرّنا وطيرنا * وعلى آله واصحابه شموس الهداية والايقان * وبدور الفضائل والعرفان *

بعد اسکے حضرات حاضرین برتر تمکین ایدهم الله بالايد المتين کي خدمات عاليه مين گذارش يهه هی که جلسهء ماضيه مين جو ۱۲ شهر شوال المکرم سنه ۱۲۷۹ ه ۲ ماه اپريل سنه ۱۸۶۳ ع کو حسن انعقاد پا یا تها اور جسکے انعقاد سے حضرت گرامي منزلت باني جلسه کي غرض اصلي يهي دو باتين تهين ایک بيان کرنا فوائد و منافع بنا ایک مجلس مذاکرهٔ علميه کا طبقه عليه اسلاميه مين جسکے جلسے هر قمري مهينے مين ايکبار منعقد هوا کرين مگر بعوارض اور دوسرا پڑها جانا رساله جواز و استحباب عمل مولد شريف کا جسکو جناب مستغني عن المحامد و الالقاب صدر العلما بدر الفقها امام المحدّثين همام المفسّرين مالک اصول الفقه و الاحکام نعمان هذا العصر و الايام رئيس المدرسين مفيض الطالبين حضرت مولانا واستادنا المستغني عن ذکر اسمه الشريف بعد بيان رسمه المنيف †

---

† عاليجناب مولوي محمد وجيه صاحب مدرس اول عربي بهرهٔ مدرسه عاليه کلکته

ادام الله ظلال عواطفه علی رؤسنا نے زبان فارسي مين تصنيف فرمایاهی • چنانچه یوم انجام غرض اول کے بسبب رات زائد آ جانے کے اس رساله متبرکه سے صرف تبرکا چند اوراق ابتدائي مشتمل بر مبادي رساله پڑھے گئے اورقرأت ما بقي اس جلسے پر موقوف رهي بعد اوسکے حضرت مولانا محتشم اليه نے اس خاکسار کو ارشاد فرمايا که چونکه اکثر مضامين اوسکے متعلق بجواب لفظي ادلهٔ مزعومهٔ مخالفين هين جو صرف واسطے تشفي تام اور دفع خدشات و اوهام طلبه علوم مرقوم هوئے هين اور جنکا اس مجلس عالي مين پڑها جانا محض تضييع وقت سامعين هی اسواسطے مناسب يهه هی که تو اون مضامين کو اس رسالے سے الگ کر اور بعد اس انتخاب کے اوسکو بزبان اردو ترجمه کر ڈال کيونکه اسکي فارسي عبارت بهي خالي از دقت واشکال نهين هی اور اکثر مسائل علوم دينيه کے مذاکره مين تعميم کا لحاظ رکهنا بهت ضرور هی پس خاکسار نے اس فرمان واجب الاذعان کا بجا لانا اپنے ذمے واجب و لازم سمجها •

## اب اصل مطلب کي گذارش کيجاتي هی

جانا چاهئے که انعقاد مجالس عاليه ميلاد برکت وسعادت بنياد حضرت خيرالعباد صلی الله عليه وسلم الی يوم التناد جسطرحپرکه سنه ۶۰۰ هجري سے رواج پاکر آجتک بفضل خدا ساتهه رونق تمام کے جاري هی ( اور انشاءالله تعالی تا قيام قيامت قائم و باقي رهيگا ) آنحضرت صلی الله عليه و سلم کے زمانے اور اگلے تين قرنون مين اس وضع خاص پر جاري نتها بلکه صرف اسي قدر مروج تها که کوئي عالم کسي وقت جب اوسکا جي چاهتا يا جب لوگ اوس سے پوچهتے کچهه احوال برکت و سعادت اشتمال ميلاد شريف اور دوسرے حالات عظمت وميمنت آيات حضرت از اول تا آخرکهه سناتا يا کوئي واعظ اثناے وعظ مين دوسري تقريرون کے ضمن مين مجملا يا مفصلا بر حسب مناسب وقت کچهه بيان کرتا يا کوئي مدرس پڑهاتے وقت کسي مقام کي تقريب يا کسي

کلام کي مناسبت سے کچھہ ارشاد کرتا اور سامعین بتوجہ خاطر اور حضور باطن و ظاہر اوسے سنتے اور اپنے ایمان میں رونق و تازگي بخشتے اور پھر بشوق تمام اور ذوق مالاکلام اونہیں مضامین کا باھم مذاکرہ کیا کرتے اور بعضے بخوف ذھول و نسیان اون مضمونون کو لکھہ لیتے اور وہ نوشتہ دوسرون کو پڑھکر سناتے اور اسکي وجہ یہہ تھي کہ اوس زمان برکت و سعادت توامان میں بسبب قرب و نزدیکي زمان نبوت و رسالت اور ترقي ارشاد و ھدایت تذکرۂ احوال سعادت اشتمال سرور کائنات ھر وقت زبان زد خواص و عوام تھا بلکہ سواے اس قسم ذکر سرا سر خیر کے اور امور کے چرچے بہت کم تھے ھر ادنی اور اعلی ابتدا سے انتہاتک جملہ احوال جزئي و کلي یعنی آپکا تولد فرمانا اور اوس وقت خوارق و غرائب کا ظاھر ھونا اور پھر دائیون اور مرضعات کے سپرد اور اونکے گھر سیکڑون عجائب و غرائب کا ظاھر ھونا اور پھر بعد انفطام یعنے دودہ بڑھانے کے ایام طفولیت سے اوان شباب تلک پہنچنا اور اس اثنا میں ھزارون واقعات عجیبہ اور معاملات غریبہ کا دکھانا اور لاکھون آثار و علامات نبوت اور شواھد و بُرھانات رسالت کا آپکے ھر ھر قول و فعل سے برأی العین مشاھدہ میں آنا اور کاھنون اور راھبون کا آپکي ولادت کي خبر دینا اور آپکي نبوت و رسالت کي بشارت سنانا اور اس اثنا میں کچھہ مختصر تجارت کرنا اور در ضمن اوسکے بعض مقامات متبرکہ کو اپنے قدوم مفاخرت لزوم سے مشرف فرمانا پھر بعد استکمال بجمیع کمالات بشري طلوع شمس رسالت یعنے آپکا مبعوث برسالت ھونا اور اوسوقت کرورون خوارق و معجزات کا ظاھر ھونا اور اسي اثنا میں اوج معراج پر بلند گرائي فرمانا پھر مکۂ معظمہ سے مدینۂ مطیبہ میں ھجرت فرمانا اور واسطے اعلاے اعلام اسلام کے کفار لئام سے لڑنا جہاد کرنا آپکا مظفر و منصور ھونا کافرون کا مخذول و مقہور ھونا تا بوفات حسرت آیات علی وجہ الکمال جانتا تھا اور بفرط محبت اور غلبۂ شوق ھر وقت یہي تذکرہ اونمیں شائع اور جاري اور ھر آن انہین امور کا خیال اونکے دلون

مین ساري رها کرتا پهر ایسے زمانے مین باین وضع خاص مجالس ذکر میلاد برکت بنیاد کے منعقد کرنے کي کونسي ضرورت تهي کیونکه وهان تو کوئي مجلس و مجمع اس ذکر سرا سر برکت سے خالي نتها لیکن بعد اسکے جب رفته رفته بسبب بُعد زمان رسالت بانواع و جوهات هر طرحکا فتور و خمول لوگونکے دلون مین راه پاتا گیا اور وه جوش و خروش امور دینیه مین کم هوتا گیا بلکه دن بدن سستي آتي گئي اور همت لوگون کي دنیا طلبي مین مصروف اور مقصور هوتي گئي یهان تک که علما بهي ( جنکو سواے اشاعت اور ترویج علوم اور پڑهنے پڑهانے کے اور کسي دوسرے کام سے سرو کار نرهتا تها ) تحصیل معاش اور حبّ جاه مین پهنستے گئے اوسوقت اندنر علماے عظام اور فضلاے کرام نے بنظر ابقاے علوم تصنیف و تالیف کي طرف توجه فرمایا اور کتابین فقه و اصول و حدیث و تفسیر و شمائل و سیر حضرت بشیر و نذیر صلی الله علیه فی البکور و الظهیر و فتوح و تواریخ کي تصنیف و تالیف کرنے لگے خلاصه یهه که وه جتنے علوم و فنون که اوائل زمانے مین مخازن حافظه اور معادن قلوب مین مستحفظ اور مستحضر رها کرتے تهے اب بالکل دفاتر قراطیس اور جرائد اوراق مین آ گئے پهر اوسوقت یهه کیفیت هو گئي که ایک تو لوگون کو خود هي امور دینیه مین مداهنت اور مسامحت آتي گئي تهي اور همه تن سبهون کي همت امور معاشیه کي طرف مقصور هوچکي تهي تسپر یهه بهروسا اور اِتّکا هوگیا که اب تو سارے علوم کتابون مین منضبط هو گئے اب هم جب چاهینگے بے تکلف دیکهه لینگے یا اگر خود دیکهنے کي قدرت نهوگي تو کسي دوسرے سے پڑهوا کر سن لینگے مگر اسکي توفیق تو جتني هوتي هی سو خود هر شخص اپنے حال پر قیاس کرلےسکتا هی که شاید باستثناے معدودے چند کسي کو اتني بهي توفیق نهوتي هوگي که اور سب علوم و فنون تو بالاے طاق رهے افضل الکتب که عبارت کتاب الله اور قرآن شریف سے هی سالانه ایک باربهي کهولتے هون پهر اور

کتابون کا حال اسي سے سمجھا چاهئے غرض رفته رفته جن دنون علوم کي وه کیفیت اور لوگون کي یهه حالت هوگئي اور اکثر لوگون کو حالات برکت و سعادت آیات سرور کائنات سے بالکل ناواقفیت محض هوتي گئي اور اِس وجه سے اکثرون کے اعتقاد و محبت مین بهي جسمین همیشه اون حالات برکت سمات اور معجزات صداقت آیات کے سننے سے ترقي اور تازگي هوتي جاتي تهي ضعف و فتور آتا گیا اور شوق و ذوق مین نقصان آ گیا * اور ظاهر هی که تقویت ایمان موقوف اوپر تصدیق تام رسالت کے هی اور یهي تصدیق رسالت اصل الاصول سارے ایمان کي هی اور باقي بالکل ارکان اسي اصل پر متفرع هین کیونکه توحید باری تعالي اور تصدیق کتاب الله اور وجود ملائک اور تصدیق انبیا یهه ساري باتین رسول مقبول صلی الله علیه و سلم کي هدایت سے معلوم هوتي گئین پهر اگر ( عیاذًا بالله ) آپهي کي تصدیق مین کچهه فتور و تزلزل هو تو یهه ساري تصدیقین متزلزل هو گئین پهر تو ایمان کا حال معلوم تو اب استحکام تصدیق رسالت سب پر مقدّم تهہرا کیونکه جڑ کي مضبوطي سب سے پہلے چاهئے اور استحکام تصدیق رسالت بظاهر عقول عامّهٔ ظاهر بین کے نزدیک دریافت خوارق و معجزات پر موقوف هی خصوصًا وه خوارق عادات جو عین وقت ولادت شریف اور ایام رضاعت اور اوان طفولیت مین ظاهر هوتے گئے جس وقت نه تصنع اور بناوٹ کا گمان هو سکتا تها اور نه ریا اور دکهاوے کا خیال آسکتا نه سحر و جادو کے توهم کي گنجایش تهي اور نه طلسم و شعبدے کے تخیل کي سمائی اور ان باتون کا علم و وقوف بدون اِسکے که همیشه مجامع عامه اور مجالس عالیه مین اسکا چرچا اور مذاکره هوا کرے هرگز ممکن نتها اِسلئے اوس زمانے کے علمانے یعنی جس زمانے مین یهه ضعف و فتور اسلام شروع هوگیا اور دن بدن لوگون کي همتین امور دینیه سے مقصر هوتي گئین ضروریات دین سے یهه سمجها که به تخصیص احوال میمنت اشتمال میلاد برکت و سعادت بنیاد سرور کائنات باشتمال خوارق عادات و غرائب حالات وقت ولادت اور ایام رضاعت اور

زمان طفولیت جو متعدد و مختلف کتب حدیث اور شمائل وسیر مین مذکور هین
ایک جگهه مجتمع کرکے ایک رساله مختصر ترتیب دیاجاے اور اوسکو باوقات
مخصوصه مجامع عامّه اورمجالس عالیه مین پڑهکر سبهون کو سنایا جاوے تاکه همیشه
اوسکے سننے سے اعتقاد و محبت سرور کائنات کي دلون مین مرتکز هوتي جاے
اور بدلے ضعف و فتور کے دن بدن ترقي و افزایش ایمان هووے اب چونکه
اس جگهه اعتقاد اور محبت دونون مذکور هوئے اسلئے جان لیا چاهئے که محبت
آنحضرت صلعم جمله مفروضات دین مین داخل هی فرمایا آنحضرت صلی الله
علیه و سلم نے لایومن احدکم حتی اکون احبّ الیه من والده وولده والناس اجمعین
حاصل معنی اس حدیث شریف کا یهه هی که کوئي تم مین سے مومن کامل نهوگا
جبتلک مجهے اپنے باپ اور بیٹے اور سب لوگون سے بڑهکر دوست اور محبوب نرکهیگا
اور یهه بهي فرمایا سرور کائنات نے من احبّني کان معی فی الجنة جو دوست
اور محبوب رکهیگا مجهکو هوگا ساتهه میرے جنت مین * پس اب ان بیانون سے جو
اوپر مذکور هوئے بخوبي ثابت هوا که اصل مولد شریف جو عبارت هی ذکر احوال
میلاد برکت و سعادت بنیاد سرور کائنات اور اوسکے متعلقات سے جسکي کچهه تفصیل
اوپر گذر چکي زمان سعادت نشان آنحضرت صلی الله علیه وسلم اور بعد آپکے هر قرن
اور هر طبقه مین قرون سابقه اور طبقات لاحقه کے موجود تهي اور پائي گئي هی
چنانچه کتب احادیث اور شمائل اور سیرکے دیکهنے والون پر بخوبي واضح و آشکار هی
مگر باین وضع مخصوص جیسا اندنون یعنی چهه سی برس سے جاري هی البته
قبل اسکے نتها اسواسطے لوگ اوسکو بدعت کهتے هین اور صرف باین معنے که یهه
وضع خاص آنحضرت صلی الله علیه و سلم کے زمانے مین نتهي اس وضع خاص کو
بدعت کهنا کچهه مضایقه بهي نهین کیونکه بدعت بمعنے حادث اور نو پیدا کے
هی یعنے جو چیز آگے نتهي سو البته یهه وضع خاص بهي بوجره مخصوص حادث

اور نو پیدا ھی تراویح کي نماز کا بھي بعینہ یہي حال ھی کہ اوسکي اصل بھي آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے زمانے مین پائي گئي ھی مگر باین وضع خاص اور اس اھتمام و التزام کے ساتھہ جیسا اب جاري ھی کہ ھر سال رمضان شریف کے مھینے مین ابتدا سے لے انتھا تک تمام مسجدون مین نماز تراویح کا پڑھنا اور اوسکے اھتمام و انتظام مین سرگرم رھنا اس قدر جاري اور شایع ھی کہ اب یہہ بھي منجملہ ضروریات دین کے ھو گیا ھی یہہ باتین آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے زمانے مین نتھین بلکہ بعد آپکے خلفاے راشدین کي عھد خلافت مین رواج پائین اور اسي واسطے حضرت امیرالمومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے اسکي نسبت بمحل ستایش فرمایا ھی نِعمَتِ البدعۃ پس اس عمل مولد شریف کي نسبت بھي بعینہ وھي تعریف نِعمَتِ البدعۃ صادق آتي ھی مگر اب اس زمانے مین بعض مخالفان منھج سداد اور مدعیان کم سواد بوسوسۂ شیطاني اور بہ نیت اظھار ھمہ داني خود بھي اس عموم بدعت کو بدعت سیّئہ سمجھہ بیٹھے ھین اور دوسرے بے سوادون کو بھي وھي الٹي سمجھہ سمجھانے مین لاکھون طرحکي الٹ پھیرکر رھے ھین بلکہ اکثر بمقابلۂ طلبۂ علوم اور کبھي کسي عالم کے مقابلے مین بھي اپني کج فھمي کي راست نمائي مین سیکڑون طرحکي کج بحثیان اور ھزارون طرحکي کج ادائیان کرتے ھین چنانچہ اکثر عوام بے سواد اور طلبۂ علوم کم استعداد کے دلون مین شکوک و شبھات بھي پڑنے لگے اسلئے اب اس مسئلہ خاص کي تحقیق علماے دین پر واجب بلکہ فرض ھو گئي اب اس مقام مین سب سے پھلے بدعت کے معنے اور اوسکي اقسام اور ھر قسم کي تعریف بزبان ایجاز بیان کردینا ضرور ھی پس جانا چاھئے کہ شرعاً بدعت اوسي کام کو کھتے ھین جو بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے حادث ھوا ھو اور آپکي عھد رسالت مین اوسکا وجود نھو اور اوسکي قسمین پانچ ھین - ۱ بدعت واجبہ ۲ بدعت مندوبہ ۳ بدعت محرمہ ۴ بدعت مکروھہ ۵ بدعت مباح

بدعت واجبہ

اوس امر حادث اور نو پیدا کو کہتے ہیں جو قواعد ایجاب کے تحت میں داخل ہو یعنی احداث اور نو پیدا کرنا اوسکا کسی امر واجب العمل کے استحصال یا اوسکی تکمیل و استحکام کی نیت سے عمل میں آیا ہو مثلاً اعجام یعنی غیر اہل عرب پر تحصیل اون علوم عربیہ کی جسکا پڑھنا واسطے سمجھنے معنے قرآن و حدیث کے ضرور ہو یعنی فہم معانی قرآن و حدیث اون علوم کے سیکھنے پر موقوف ہو اور وہ یہی چند علوم ہیں صرف ونحو و معانی و بیان و لغت و علم جرح و تعدیل وعلم تمئیز حدیث صحیح وسقیم کہ بدون ان علوم کے سیکھنے کے معانی ومطالب قرآن و حدیث کا سمجھنا خارج از امکان ہی پس اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے زمانے میں بسبب شائع نہونے اسلام کے غیر ممالک عرب میں ان علوم کی تحصیل کی ضرورت اور رواج نتھا اور آپکے بعد اسکے حادث ہونے کی جہت سے یہہ بہی بدعت ہی مگر بسبب موقوف علیہ ہونے ایک امر واجب یعنی فہم معانی قرآن و حدیث کے یہہ بدعت واجب ٹہہری تدوین کتب فقہ و اصول اور ردّ اقوال قدریہ و جبریہ و مجسّمہ و غیرہ بہی ( کہ عبارت تدوین علم کلام سے ہی ) اسی قسم میں داخل ہی - اور بدعت مندوبہ اوسے کہتے ہیں جو قواعد نَدْب یعنی استحباب کے تحت میں داخل ہو جیسا بنانا رباط یعنی مسافرخانے اور مدرسون کا اور ہر ایسی نیکی اور نیکوئی کی بنا ڈالنی جو اوائل اسلام میں نتھی اور اسی قسم میں داخل ہی نماز تراویح اور گفتگو کرنی اوپر مسائل دقیقۂ علم تصوف کے اور انہیں اقسام کو بدعت حسنہ بہی کہتے ہیں اور بدعت محرمہ وہ بدعت ہی جو مخالف کتاب و سنت ہو جیسے مذاہب قدریہ اور جبریہ اور مجسمہ اور معتزلہ کے ہیں اور اسی کو بدعت سیّئہ اور بدعت ضالّہ بہی کہتے ہیں اور بدعت مکروہہ وہ ہی جو قواعد مکروہہ کے تحت میں داخل ہو جیسا نقش و نگار کرنا مساجد و مصاحف کا بقول بعض اور بدعت مباح وہ بدعت ہی جو قواعد مباح کے تحت میں داخل ہو جیسے کہانے

پہنے میں تکلف کرنا یعنی اطعمۂ لذیذۂ پر تکلف کا کھانا اور اقمشۂ نفیسۂ پر تجمل کا پہننا بشرطیکہ یہہ دونوں از قسم حرام نہوں یعنی بغرض تلذذ و تکلف کے کوئی حرام چیز نکھالیوے اور بغرض تشین وتجمل اور تفاخر وتبختر کے حریر و اطلس پہن نلیوے [اب اس مقام پر اسے بھی یاد رکھا چاھئے کہ جو امر آنحضرت صلعم کے زمانے میں نتھا اور خلفاے راشدین نے اوسے کیا ھو اگرچہ بایں معنے کہ آنحضرت صلعم کے زمانے میں نتھا البتہ بدعت ھی مگر درحقیقت وہ از قسم سنت ھی کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ھی علیکم بسنتي وسنۃ الخلفاء الراشدین یعني واجب ھی تمپر لازم پکڑنا ھماري سنت کا اور ھمارے خلفاء راشدین کي سنت کا] پس اب جانا چاھئے کہ یہہ عمل مولد شریف بھي اگرچہ بسبب نہونے زمان برکت وسعادت نشان میں آنحضرت سرورکائنات صلعم کے بدعت ھی مگر بسبب داخل رھنے اوسکے قواعد ندب واستحباب کے تحت میں بدعت مندوبہ اور حسنہ ھی اور اسي طرح قیام وقت ذکر ولادت آنحضرت خیرالانام علیہ الصلواۃ والسلام بھي اگرچہ بدعت ھی پر بدعت مندوبہ ومستحسنہ اور اب تو گویا اسکے استحباب و استحسان پر اجماع ھو چکا ھی کیونکہ عرصۂ زائد چھہ سی برس سے ایک جم غفیر اور جماعۂ کثیر علماے عظام اور فقہاے کرام اس عمل مولد شریف اور قیام وقت ذکر میلاد منیف کے استحسان و استحباب پر اتفاق کرتے چلے آئے ھیں پس اب اس زمانے میں تو بنظر اس اجماع کے اس عمل شریف کي بجا آوري کو واجب سمجھا چاھئے کیونکہ اتباع اور پیروي جمہور علما کي واجب ھی اور ترک کرنا اوسکا حرام اور بعض لوگوں کا خلاف کرنا (اگر پایا بھي جاوے) مانع انعقاد اجماع نہیں ھی کیونکہ ھدایہ اور کفایہ اور تلویح و غیرہ کتب فقہ و اصول میں لکھا ھی کہ جس امر پر جمہور یعنی اکثر کا اجماع اور اتفاق ھو اوسمیں بعض کي مخالفت کا اعتبار نہیں ھی اور مشکواۃ کے باب الاعتصام میں لکھا ھی کہ فرمایا آنحضرت صلعم نے ابن عمر رضی اللہ عنہ کو اتبعوا السواد الاعظم فانہ من شذّ شُذّ فی النار یعنی پیروي

کرو تم سواد اعظم یعنے اکثر لوگونکي اور جو شخص تنہا پڑا جماعت سے اور الگ ہوا انسے گرا دوزخ کي آگ مین • اور اوسي باب مین ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے علیکم بالجماعۃ والعامۃ لازم پکڑو تم جماعت کو اور اکثر کو • یہہ بھي اشارہ اسي طرف ہی کہ اتباع اور پیروي اکثر و جمہور کي کرني چاہئے کیونکہ اتفاق کل علما کا سب احکام مین نہایت متعسر بلکہ ناممکن ہی اور اوسي مین لکھا ہی کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے من فارق الجماعۃ شبرا فقد خلع ربقۃ الاسلام عن عنقہ جو کوئي الگ ہوا جماعت سے بقدر ایک بالشت کے اوسنے نکالڈالا ڈوري اسلام کي اپني گردن سے • یعنے ( العیاذ باللہ ) قید اسلام سے نکل گیا اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے ان اللہ لایجمع امتي علی ضلالۃ و ید اللہ علی الجماعۃ و من شذ شذ فی النار خداوند تعالی اکٹھا نہین کرتا ہی میري امت کو ضلالت اور گمراہي پر اور اللہ تعالی کی قدرت اور احسان کا ہاتھہ جماعت پر ہی پھر جو شخص الگ ہوا جماعت سے گرا دوزخ کي آگ مین • اب اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالی اہل حق کي نصرت و حفاظت فرماتا ہی اور حقیقت یہہ ہی کہ اجماع جمہور علماے معتمد اور فقہاے مستند ایک رکن ہی ارکان اربعہ شرعیہ سے [ یہان مجملا جان لیا چاہئے کہ ارکان شرع چار ہین کتاب[۱] و سنت[۲] و اجماع[۳] امت اور قیاس[۴] مراد کتاب سے قران مجید ہی اور سنت حدیث شریف سے عبارت ہی اور اجماع امت یہي اتفاق جمہور علما ہی جسکا ذکر ہو رہا ہی اور قیاس کے معنے یہہ ہین کہ جب حکم کسي مسئلۂ شرعي کا ان تینون رکن مین جنکو اصول دین کہتے ہین نملے اوسوقت کوئي عالم جسکو رتبہ اجتہاد کا حاصل ہو ( کہ وہ رتبہ بہت ہي بلند اور عالي ہی اور شرح اوسکي خالي ازطوالت نہین ) اپني راے اور قیاس کو دخل دیکر برعایت اونہین اصول ثلثہ کے ایک حکم اوسکا نکالے اور اس رکن سوم یعنے اجماع امت پر بہت بڑے بڑے امور دینیہ کا مدار ہی جنکي تفاصیل سے کتب فقہ و اصول مملو ہین ] اب اون مخالفان گمراہ کے بعض

استدلال کي حقيقت بهي سن ليا چاهئے ايک دليل اونکي اصل عمل مولد شريف کے ابطال مين يهه هي که فرمايا رسول الله صلی الله عليه وسلم نے من احدث في امرنا هذا ماليس منه فهو رد • شرح دهلوي مين اس حديث کے معنے يون لکهے هين که جس کسي نے حادث اور نوپيدا کيا همارے دين روشن و هويدا مين ايسي چيز کو جو اوس دين سے نهو يعنے ايسي ايک چيز کو احداث کرے جو صراحةً مخالف قرآن وحديث هو پس وه چيز يا وه شخص باطل اور مردود هي * اب اسي ايک دليل سے ان مخالفين کي رسائي کو سمجها چاهئے که يهه کيونکر اس دليل مخالف کو اس مسئلهٔ موافق پر منطبق کيا چاهتے هين کهان مخالفت حديث و قرآن اور کهان ذکر ميلاد بابرکت بنياد حضرت خاتم پيغمبران صلی الله عليه وسلم بهلا يهان مخالفت کا کيا ذکر يهه تو عين موافق بلکه مقوي ومويد تصديق کتاب و سنت هي جيسا اوپر کي تقريرون مين گذر چکا پس اسي پر دوسري دليلون کو بهي قياس کيا چاهئے • باقي رها مسئلهٔ قيام وقت ذکر ميلاد حضرت خيرالانام صلی الله عليه و سلم الی يوم القيام اسکے ابطال مين مخالفين نے بڑا زور مارا هي اور عوام بےسواد اور طلبهٔ کم استعداد کے دلون مين بڑے بڑے شکوک و شبهات ڈالے هين اور اپنے حوصله اور رسائي کے مطابق بڑے بڑے ادلهٔ قويه جسکو اپني دانست مين لاحل اور لاجواب سمجهتے هين ايراد کئے هين اسلئے اوسکي نسبت کچهه تطويل کلام بذکر مذاهب واقوال علماء عظام اور فقهاء کرام مناسب مقام معلوم هوتا هي •

جاننا چاهئے که اِستحسان و اِستحباب قيام وقت ذکر ميلاد حضرت خيرالانام عليه الصلوة و السلام جو بقول علماء عظام اور فقهاء کرام کے ثابت اور متحقق هي ابتدا اوسکا اوپر جواز حضور سرور کائنات صلی الله عليه و سلم کے اوس وقت خاص مين هي اور بهنسبت اس جواز کے علماے کبار کا يهه عقيده هي که حضور آپکا قبر شريف کے ماسوا اور کسي موضع مين خواه بحصول قرب و نزديکي و رفع حجاب و دوري بطي الارض يعنے سمٹ جانے زمين کے يا کسي دوسري وجه سے ممکن هي اور تفصيل و تعئين

اسکي مشیت ایزدی پر موقوف یعني جسوقت جسطرح خداوند تعالی کو منظور هو کسي ایک مقام یا مجلس کو آپکے حضور برکت و سعادت معمور سے مشرف و ممتاز فرماوے مگر جتنی وجوہ و طرق که ممکن الوقوع هین اور اونکے شواهد بهي موجود انهین چار قسمون مین منحصر هین •

اول — شهود روح مع الجسد مگر نه بجسد مکدّر عنصري بلکه بجسم مطهر انوري که بسبب غایت لطافت ونورانیت هرفرد بشرکي بصارت و بینائي اوسکے ادراک سے محض عاري و قاصر هی صرف وهي لوگ جنکے حال پرعنایت خاص مبذول هو اور جنکو اپنے جمال منور کے مشاهده سے مشرف و مسعود فرمانا منظور دیکهه لیتے هین مثل اجسام ملائک عظام نه بسبب لطافت و نورانیت کے هر شخص کي بصارت اوسکو کب دیکهه سکتي هی چنانچه حضرت جبرئیل علیه السلام آنحضرت صلی الله علیه و سلم کي مجلس شریف مین اکثر تشریف لاتے تهے پهر کبهي توسب اهالي مجلس اونکے جمال باکمال کو دیکهه لیتے اور کسي وقت کوئي بهي نه دیکهتا اور کبهي بعض دیکهتے اور بعض محروم رهجاتے جیسا کتب احادیث مین مفصلاً مذکور هی •

• آنرا بچشم پاک توان دید همچو ماه • هر دیده جاے طلعت آن نور پاره نیست •

اور آپکے جسم مبارک کي لطافت تو خود حالت حیات مین بهي ظاهر تهي که آپکا سایه نتها پهر اسکي وجه بجز لطافت کے اور کیا تهي اب غور کیا چاهئے که هرگاه اس نشأت دنیوي مین نه محل ظلمت وکدورت اور مقام نجاست و کثافت هی آپ کے جسم عنصري کو جو عموماً اجزاء ارضیه سے مرکب هی اس قدر لطافت و نظافت حاصل تهي پهر جب آپنے اس جسم عنصري مکدر کو چهوڑ کر بجسم نوراني لطیف اوس عالم نظیف مین انتقال فرمایا هو اوسوقت وه جسم مطهر کتنا اصفی والطف اور کسقدر اجلی وانظف هوا هوگا یهه کها جا سکتا هی که وه جسم نوراني اجسام ملائک عظام سے بهي بمدارج الطف و انظف اور انور و ابهر هوگا •

**دوم** — شہود روح مجرد جیسا اکثر آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کو خواب مین واقع ہوتا تھا یعنے آپ عالم رویا یعنے خواب مین بروح مجرد تمام عالم ملکوت مین تعروج اور تفرج فرماتے اور کبھی بہشت کی اور کبھی کسی اور مقام کی سیر کرتے تھے چنانچہ کتب احادیث مین سیکڑون روایتین مصرح ہین اور خواب انبیا باتفاق علما در حکم وحی ہی اسمین کچھہ کسی طرحکے شک وشبہہکو دخل نہین پھر خواب مین بجز شہود بروح مجرد اور کوئی احتمال ہی نہین ٭ اور یہہ شہود بروح مجرد بحالت خواب اگرچہ دوسرون کے حق مین بھی متصور ہی مگر آپ کے حق مین متیقن ہی اور دوسرون کی نسبت یہہ بھی محتمل ہی کہ اوہام و خیالات نفسانی و تخیلات و تسویلات شیطانی جسکو اضغاث الاحلام اور خواب پریشان بھی کہتے ہین موجب اس شہود کا ہوا ہو ٭

**سوم** — شہود بمثال آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم اور اس تیسری صورت کی تفہیم و تفہم اگرچہ عقول عامہکی رسائی سے برتر و اعلی ہی پر بالاجمال اسقدر سمجھہ لیا چاهئے کہ مثال آنحضرت صلعم عکس ذات شریف اور پرتو نور انور ہی نہ مثل عکس کسی چیز کے جو آئینہ مین منعکس ہوتا ہی کیونکہ وہ عکس صورت صوری اور ظاہری کا ہی اور نہ مانند پرتو چراغ یا شمس و قمر کے جو در و دیوار پر پڑتا ہی کہ وہ بھی سایہ صوری جسم نورانی ہی بلکہ مثال آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم عکس صورت معنوی اور حقیقی ہی اور پرتو نور باطنی و تحقیقی کہ نہ اوسکو عین کہہ سکتے ہین اور نہ غیر ٭

عقل اینجارہ ندارد و ہم نیز ٭ چشم بکشا لب فرو بند ای عزیز ٭

مشکواۃ شریف مین مرقوم ہی قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم ان العبد اذا وضع فی قبرہ و تولی عنہ اصحابہ و انہ لیسمع قرع نعالہم اتاہ ملکان فیقعدانہ فیقولان ما کنت تقول فی ہذا الرجل ای لمحمد صلی اللہ علیہ و سلم الی اخر

الحدیث معنے اس حدیث کے یہہ ھین کہ فرمایا رسول خداصلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بندہ جب رکھا جاتا ھی اپنی قبر مین اور اوسکے یار وھان سے منھہ پھیر کر لوٹتے ھین اور وہ اونکی جوتیون کی آھٹ سنتا ھی اوسوقت دو فرشتے اوسکے پاس آتے ھین اور اوسے بٹھاتے ھین پھر پوچھتے ھین کیا کہتا ھی تو حق مین اس مرد کے یعنے محمد مصطفی صلعم کے انتہی * اب حضرت مولانا شیخ عبدالحق دھلوی قدس اللہ اسرارہ نے اسکی شرح مین یون لکھا ھی کہ یہہ اشارہ بلفظ ھذا الرجل یعنی یہہ مرد یا تو بجہت شہرت و حضور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اذھان و قلوب مین ھی ( جیسا علماے ظاھری کا زعم ھی ) یا بالعیان باحضار ذات شریف باین طور کہ ایک مثال ذات آنحضرت پیش نظر اوس میت کے حاضر لاتے ھون اور اشارہ ھذا الرجل اوسی مثال شریف کی طرف کرتے ھون '

چہارم — شہود برفع حجاب اوربطی الارض یعنی پردے اورحائلون کے اوٹھہ جانے اور زمین کے سمٹ جانے سے باین طور کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم اپنے روضۂ مقدس مین متمکن اور رونق افروز رھین اور پردے اور حجاب جو آپ کے اور اوس مکان کے درمیان جہان شہود منظور ھو حائل ھون اُٹھہ جائین اور بُعد مسافت بھی زمین کے سمٹ جانے سے باقی نرھے پھر آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعین عنایت اوس موضع سعادت نصیب کو مشرف بملاحظہ فرماوین *

اب یہہ چارون صورتین ممکن الوقوع بلکہ متوقع الوقوع ھین جیسا اسکے دلائل و شواھد سے جو ابھی مذکور ھوتے ھین ظاھر ھوویگا انشاء اللہ تعالی مگر تحقیق اس امرکی کہ ان اقسام مین سے کس قسم کا شہود کس مقام مین ھوا کرتا ھی محول بعلم الٰہی ھی اسمین کسی کے دم مارنے کی جگہہ نہین ھی '

دلیل و مثال قسم اول شہود یعنے شہود روح مع الجسد کی بھی معراج شریف ھی کہ ساری کتب احادیث و سیر اسکی تفصیل سے مملو اور مشحون ھین اور یہہ

معراج شریف بجسد نظیف حالت بیداري مین واقع ھوا نه خواب مین بروح مجرد * مدارج النبوت مین حضرت مولانا شیخ عبدالحق دھلوي رحمة الله علیه نے فرمایا ھی که مذھب صحیح یہي ھی اور جمہور علماے صحابه اور تابعین و تبع تابعین اور جو لوگ اونکے بعد ھوتے گئے محدثین و مجتہدین و متکلمین و غیرھم از ایمۂ دین سب کے سب اس پر متفق ھین احادیث صحیحه اور روایات صریحه اسپر ناطق ھین اب یہان اگرچه تطویل کلام بذکر قصۂ معراج موجب اطناب داستان ھو سکتا ھی مگر بنظر ایضاح مقام بالکلیه ترک کرنا بھي مناسب وقت نہین اسلئے کچھه بزبان محض ایجاز بیان ھوتا ھی یعنے - آنحضرت صلی الله علیه و سلم حالت بیداري مین بجسد شریف پہلے مکۂ معظمه سے بیت المقدس مین تشریف لے گئے اور مسجد اقصی کے اندر داخل ھوئے اور وھان دوگانه ادا فرمایا اور جماعت انبیا از آدم تا عیسی علی نبینا و علیہم السلام نے آن حضرت کي اقتدا فرمائي [ اب اس مقام پر سمجھا چاھئے که اداے ارکان نماز بدون روح مع الجسد کے متصور ھي نہین ھوسکتی ھی ] پھر اوسي طرح بجسد مبارک آسمان پر تشریف لے گئے اور بعض انبیا علیہم السلام سے جو آسمانون پر بھي رونق افروز تھے ملاقات فرمائي اور وھان بھي نماز ادا کي اور امامت کي اون انبیا کي جیسا بیت المقدس مین گذرا پھر جب لوٹ آئے آنحضرت صلی الله علیه و سلم معراج شریف سے اور صبح ھوئي خبردیا اپنے لوگون کو پھر بعض ضعیف الایمان نے اوسکي تکذیب کي اور مرتد ھوگئے [ اب اس تکذیب اور ارتداد سے بھي ظاھر ھی که وه معراج بجسد شریف تھا ورنه معراج صرف بروح مقدس کا جسطرح که خواب مین ھوتا ھی کوئي بھي منکر نہوتا کیونکه وه تو کوئي ایسا امر مستبعد نہین بلکه ھر فرد بشر کےلئے بھي متصور ھی جیسا اوپر مذکور ھوچکا ] اور بعض دوسرون نے احوال و اوصاف تفصیلي بیت المقدس پوچھے پھر آپ نے من و عن ذره ذره سب بیان کئے اور فرمایا آنحضرت صلی الله علیه وسلم نے که بعض حالات

مجھے یاد نرہے تھے اسلئے میں متامل و متردد ہوا کہ فوراً بیت المقدس مجھے دکھلا یا گیا پھر جو کچھہ سوال کرتے گئے میں اوسکا جواب دیتا گیا [ اب علما نے اس مقام میں دو احتمال لکھا ھی ایک احتمال یہہ ھی کہ بیت المقدس آپکے سامہنے اوٹھالائے جسطرحپر تخت بلقیس کو بیک طرفة العین حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس اوٹھالائے تھے یا صورت مثالیہ اوسکي آنحضرت صلعم کے سامہنے حاضر اور متمثل کي گئي جسطرحپر بہشت و دوزخ آنحضرت کے سامہنے متمثل کي گئي حالت نماز میں اور دوسرا احتمال یہہ کہ آنحضرت صلعم اور بیت المقدس کے درمیان جتنے پردے اور حجاب حائل تھے وہ اوٹھہ گئے ھون اور بطي الارض مسافت بھي باقي نرھي ھو اور دوسري ایک روایت میں مذکور ھی کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جبرئیل علیہ السلام نے بیت المقدس کو حضرت عقیل رضي اللہ عنہ کے مکان کے پاس لارکھا اور میري نظر کے سامہنے کردیا پھر میں اوسے دیکھتا تھا اور جو کچھہ پوچھتے تھے اوسکا جواب دیتا تھا • اب جاے فکروتدبر ھی کہ جب بیت المقدس کا اوسکي جگہہ سے اوٹھا کر دوسري جگہہ لے آنا متحقق اور واقع ھوا پھر اگر آنحضرت سرور کائنات وشہنشاہ دین کو کرسي عزت اور تخت عظمت پر بٹھاکر بلکہ مع روضہ منورہ اوٹھاکر جس جگہہ مشیت ایزدي مقتضي ھو لے آوین اس میں کونسا تعجب اور استبعاد ھي حقیقت یہہ ھی کہ اس امر کي تصدیق میں ھرگز شک اور شبہہ نہوگا مگر اوسي شخص کو جسکو اس روایت نقل بیت المقدس میں بھي شک وتعجب ھو اور اسکي تصدیق میں شبہہ کرنے والے کا حال خود ظاھر ھی کچھہ بیان کرنے کي ضرورت نہین بلکہ ویسے شخص سے ھمکو بحث کرنا بھي ضرور نہین کہ وہ لیس منّا مین داخل ھی اور یہہ بھي روایت ھی کہ آنحضرت صلعم سفر معراج سے مراجعت فرماتے وقت اثناء راہ میں ایک قافلۂ قریش پرسے گذرے آپنے اھل قافلہ پر سلام کیا اون لوگون نے آپکي آواز لطیف کو پہچانا اور کہا کہ یہہ آواز محمد کي ھی

صلی اللہ علیہ و سلم پھر آئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قُبیل فجر کے اور خبردی آپنے قوم کو اس امر کی کہ تمہارے فلانے قافلہ سے اثنائے راہ میں ملاقات ہوئی اور فرمایا آپنے کہ نشانی اوسکی یہہ ہی کہ گذرا میں تمہارے شترون پر کہ فلانی جگہہ سے آتے تھے اور گم کیا لوگون نے ایک شتر کو پھرڈھونڈ لایا اوسے فلانے نے اور فلانے روز وہ یہان پہنچ جائینگے پھر حساب رکھا لوگون نے اوس دن کا اور ویساہی پایا یعنی قریب نصف النہار اوسی روز معہود کے وہ قافلہ پہنچ گیا اور قصہ آپکے سلام کے سننے اور شتر کے گم ہونے اور اوس فلانے کا اوسے ڈھونڈھہ لانے کا بعینہ اوسی طرح پر جیسا آپنے بیان فرمایا تھا کہہ سنائے اب اس روایت سے بھی بخوبی ثابت ہوتا ہی کہ یہہ سیر معراج آپکا بروح مع الجسد تھا نہ فقط بروح مجرد کما ھوالظاھر علی الذھن السلیم والطبع المستقیم وان خفی علی الفہم السقیم والعقل الوخیم ٭

قسم دوم وقسم سوم کے شواہد و امثلہ اوپر گذر چکے اب صرف قسم چہارم کی مثال باقی ہی سو وہ قصۂ حرب مُوتہ ہی اور خلاصہ اوس قصہ کا جیسا تمام کتب سیر و مغازی میں مذکور ہی یہہ ہی کہ جب مقام مُوتہ میں اہل اسلام بمقابلۂ کفار لئام لڑنے کھڑے ہوئے اوسوقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مسجد شریف مدینۂ مطیبہ میں بجانب مُوتہ رخ پھیرکے بیٹھے اور قدرت آلہی نے سارے حجب حائلہ کو آپکی نظرون سے اوٹھا دیا اور وہ مقام مُوتہ جو بفاصلۂ بعید مدینۂ شریف سے واقع تھا بطی الارض یعنی زمین کے سمٹ جانے سے آپکے روبرو ہوگیا پھر آنحضرت صلعم اوس معرکے کو اپنی انکھون سے معاینہ فرماتے اور اصحاب کرام سے ارشاد کرتے تھے کہ زید ابن حارث رضی اللہ عنہ نے علم اُوٹھایا اور شہید ہوگئے بعد اُسکے جعفر طیار رضی اللہ عنہ نے علم اوٹھایا اور شہید ہوئے پھر ابن رواحہ رضی اللہ عنہ نے علم لیا اور وہ بھی شہید ہوئے تا آخر قصہ ۔

اب اگر کوئی کج فہم و ناقص العقل ان تقریرونکو سنکر یہہ کہے کہ ہمنے مانا کہ یہہ ساری قدرت و قوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حالت حیات میں حاصل تھی مگر بعد آپکے انتقال

فرمانیکے اسکے باقي رهنے پر کیا دلیل هی اوسکا جواب یہه هی که مدار اس قدرت و قوت کا اوپر ثبوت درجۂ رسالت اور تحقق رتبۂ قرب و کرامت کے هی پهر جب یہه مدارج عالیه بعد انتقال کے بهي ثابت هیں البته بے شک و شبہه اور بے ریب و تردد وہ قدرت و قوت بهي باقي هی اور تحقیق اس مقام کي یہه هی که اهل ایمان سے خوارق عادات کے ظاهر هونے کا مدار اوپر ثبوت کسي ایک صفت کے انهین تین صفتون مین سے هی یعنے رسالت و نبوت و ولایت اور ان امور مین حالت حیات سے حالت ممات مین کچهه فرق نهیں هوتا هی یعنے معاذالله که وہ مراتب عالیه اور مدارج سامیه جو حالت حیات میں حاصل تهے بعد ممات مسلوب هو جائین پهر جب هرایک صفت کے متصف کا یہه حال هو تو آپکي نسبت که ان تینون صفات عالیهکے موصوف اور اکمل الاکملین و افضل الافضلین اور اکرم الاکرمین و اعظم الاعظمین هین ان خدشات و شبہات کا کیا مقام هی حقیقت تو یہه هی که جس شخص کو آپکي حالت حیات کے خوارق و معجزات کي تصدیق مین تردد هی اوسیکو بعد الموت ایسے معجزات کے صدور کي تصدیق مین بهي تامل هوگا و نعوذ بالله من ذالک - اور بعض مخالفین یون اعتراض کرتے هین که جب احادیث صحیحه سے ثابت هی که آنحضرت صلی الله علیه و سلم قبر شریف مین بجسد نظیف زنده رونق افروز هین اور تاقیام قیامت یون هي قیام فرما اور رونق افزا رهینگے تو اب حضور آنحضرت صلی الله علیه وسلم موضع ماورای قبر شریف مین یا باین طور هوگا که آنحضرت صلی الله علیه وسلم بجسد نظیف قبر شریف سے نکلکر اوس موضع خاص مین رونق افزا هووین اور یہه محض محال هی کیونکه اگر ایسي صورت هوتي تو لامحاله در و دیوار روضۂ منورہ شق هو جاتے حالانکه یہه کبهي وقوع مین نآیا اور کسي نے بهي اسکي روایت یا حکایت نکي یا اس طور پر هوگا که آپ بروح مجرد اوس محل خاص کو مشرف بحضور فرمائین اور اسمین یہه ایک بڑي قباحت آن پڑتي هی که خواہ نخواہ انفکاک روح مطہر کا جسد منور سے لازم آتا هی اور

یہي معنی نزع روح کے هیں توگویا معاذالله هربار کسي محل ماوراے قبر شریف کے رونق افزا هونے میں کیفیت نزع روح کي طاري هوا کرتي هی اورنزع روح کي تکلیف سب پر ظاهر و اشکار هی اور اس تقدیر میں حضور آنحضرت موضع ماوراے قبرشریف میں تجویز کرني عین آنکے حق میں تکرارنزع روح کي تجویز کرني هی اور اسکي رکاکت خود ظاهر هی انتهی - پس اگرچه بنظر شناعت و ابتذال اس اعتراض مہمل کے یہه بھي مثل اور هذیانات لا یعنی کے هرگز التفات کے قابل نتھا مگر چونکه ایسے اعتراضات اکثر عوام کم سواد کے دلونمیں جلد جگہه کرتے هیں اسلئے اسکي شناعت و ابتذال کا واضح کردینا بہت ضرور هوا سو یادکیا چاهئے که اوپر بیان هو چکا هی که آپکا قبرشریف کے ماسوا کسي اور موضع کو اپنے حضور پر نورسے مشرف فرمانے کي چار صورتیں هیں پہلي صورت حضور روح مع الجسد مگر نه بجسد مکدر عنصري بلکه بجسم مطهر انوري که بسبب غایت لطافت ونورانیت هرفرد بشرکي بصارت وبینائي اوسکے ادراک سے محض عاري و قاصر هی اور اسي تقریر کے خاتمه میں یہه بھی مذکور هوا هی که آپکے جسم مبارک کي لطافت تو خود حالت حیات میں بھي ظاهرتھي که آپکا سایه نتھا اورجب اس نشأت دنیوي میں که محل ظلمت و کدورت هی آپکے جسم عنصریکو جو عموماً اجزاے کثیفه سے مرکب هوا کرتا هی اسقدر لطافت حاصل تھي پھرجب آپنے اس جسم ظلماني مکدر کو چھوڑ کر بجسم نوراني مطهر اوس عالم نظیف میں انتقال فرمایا اوس وقت وه جسم مطهر کتنا اصفی والطف اور کسقدر اجلی وانظف هوا هوگا یہه کہاجاسکتا هی که وه جسم نوراني اجسام ملائک عظام سے بھي بمدارج الطف اور انظف اور انور و ابهر هوگا اور جب جسم ملائک بسبب اپني خفت اور لطافت کے هر جسم اور هر شي کے اندر داخل هوسکتا هی تو آپکے جسم الطف وانظف کے دیوار روضه منوره سے گذر جانے میں کونسي جگہه تامل اور تردد کي هی ایسے معترض کو تو عذاب قبر پر بھي شبہه هوسکتا هی کیونکه آخر عذاب کرنے کے لئے ملائک موکل عذاب کا قبر میں

آنا جانا ضرور هی حالانکه کسي نے آجتلک کسي کافر و مشرک کي قبر کو بهي شق هوتے نهين ديکها پهر اوسمين فرشتے عذاب کے کيونکر آئے گئے اور کيونکر اوسپر عذاب قبر هوا اور اگر معترض کو آپکے جسم شريف کي لطافت و نظافت هی پر اعتقاد نهو اور اوس جسم لطيف نوراني کو اپنے جسم کثيف ظلماني پر قياس کرتا هو تو اسکا جواب هي نهين اور وه قابل خطاب هي نهين بلکه وه همارے مرحلے سے خارج هی فنعوذ بالله منه و من ذرياته - اور يهه بهي اوپر گذر چکا هی که شهود روح مجرد آپکا مثل خواب کے هوا کرتا هی يعنے جيسا که آپ اکثر حالت حيات مين بهي بعالم رويا يعنے خواب کي حالت مين تمام عالم ملکوت مين تعرج و تفرج فرماتے اور کبهي بهشت اور کبهي اور کسي مقام کي سير کرتے تهے اوسي طرح اب بهي بروح مجرد مثل حالت خواب اور رويا کے جس مقام کو چاهتے مشرف بحضور فرماتے هين مگر معترض نے اپني غايت جهالت و ناداني اور سفاهت و غلط فهمي سے اس شهود روح مجرد کو شهود بنزع روح سمجها اور کيسي کيسي بے ادبي اور گستاخيونکا مصدر بنا نعوذ بالله من الجهل والغواية - اور بعضون کو اس مقام مين يهه بهي خدشه هوتا هی که جب آن واحد مين مجالس متعددهٔ ذکر ميلاد برکت و سعادت بنياد اماکن مختلفه مين منعقد هووين اوسوقت حضور آنحضرت صلی الله عليه و سلم کا بذات واحد و بآن واحد اون ساري مجلسون مين کيونکر هوسکتا هی اوسکا جواب اولا - يهه هی که هم صرف يهي کهتے هين که حضور آنحضرت کا کسي ايک مجلس ذکر ميلاد شريف مين جسکو لياقت و قابليت آپکے حضور اور مقبوليت کي حاصل هو جائز هی اور وه بهي تمام اوقات مجلس کے کسي ايک وقت خاص مين نه يهه که حضور آپکا ساري مجالس مولود مين ابتدا سے لے انتها تک واجب هی تو اب يهه بهي هوسکتا هی که آپ ايک هي مجلس کو مشرف فرمائين اور باقي مجالس محروم رهٔ جائين اور يهه بهي ممکن هی که ايک لحظه ايک مجلس مين اوردوسرے

لمحہ دوسري مجلس مین رونق افروز هون اور ثانیا - یہہ کہ هم اوپر بیان کرچکے هین کہ حضور آپکا چار طریقے پر ممکن هي ایک اونمین سے شہود برفع حجاب اور بطي الارض هی یعنے پردے اور حائلونکے اوٹہہ جانے اور زمین کے سمت جانے سے یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم اپنے روضہ مقدس مین متمکن اور رونق افروز رهین اور پردے و حجاب جو آپکے اور اوس مکانکے درمیان جہان شہود و حضور منظور هو حائل هون اوٹہہ جائین اور بُعد مسافت بهي زمین کے سمت جانے سے باقي نرہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم بعین عنایت اوس مجلس سعادت نصیب کو مشرف بملاحظہ فرماوین پهر اس صورتمین تو ممکن هی کہ آنحضرت صلی اللہ و سلم اپنے روضۂ منورہ مین متمکن اور رونق بخش رهین اور ایکهي آن مین ساري مجالس متعددہ اور اماکن مختلفہ آپکے سعادت مشاهدہ اورکرامت ملاحظہ سے مشرف اور مسعود هوجائین ثالثًا - یہہ کہ اگرچہ وجود ذات واحد بآن واحد امکنۂ متعددہ مین بعقل قاصر اور فہم ظاهر مستبعد اور محال هی لیکن درحقیقت بنظر کرامات اولیا یہہ امر محال محض آسان اور ممکن الوقوع هی بلکہ سیکڑون شواهد اسکے جو اولیاء کرام سے وقوع مین آئے هین موجود هین جیسا کہ حضرت مولانا عبد الرحمن جامي قدس اللہ سرہ السامي نے اپني کتاب نفحات الانس مین اوسکي تصریح فرمائي هی اورجب آپکے غلامان درگاہ اور خادمان بارگاہ سے ایسے سیکڑون کرامات اور خوارق عادات صادر هوئے هون جیسا کتاب نفحات الانس اور تذکرۃ الاولیا اور سفینۃ الاولیا اور شواهد النبوۃ اور مدارج النبوۃ و غیرہ سے بخوبي ثابت هی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم سے کہ تینون مدارج علیہ رسالت و نبوت و ولایت کے جامع بلکہ هر هر درجہ مین افضل و اکمل هین اسکے صادر هونے میں کونسے تامل و تعجب کي جگہہ هی اب هم یہان ایسي دو روایتین ایراد کرتے هیں جو صراحۃً اِس امر پر دلالت کرتي هیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعد انتقال فرمانے اِس عالم حسّي سے جس جگہہ چاهین

بحکم آلهي بذات شريف مع جسد نظيف رونق افروز هوسکتے هين اوسي طرح جيسے حالت حيات مين هرجگهه تشريف فرما هوتے تهے پهلي روايت کوحضرت شيخ عبدالحق دهلوي رحمة الله عليه نے اپني کتاب ماثبت بالسنة مين جامع الاصول سے بسند ترمذي نقل فرمايا هی عن سلمیٰ امراة من الانصار قالت دخلتُ علی ام سلمة رضي الله عنها و هي تبکي فقلت مايبکيك قالت رايت الآن رسول الله صلی الله عليه وسلم فی المنام علیٰ رأسه و لحيته التراب و هو يبکي فقلت مالک يا رسول الله قال شهدت قتل الحسين آنفا * روايت هی سلمیٰ سے جو ايك عورت انصار ميں سے تهي کها اوسنے که حاضر هوئي مين جناب ميں ام المومنين حضرت ام سلمه رضي الله عنها کے جس حال مين که حضرت ام المومنين رورهين تهين پهر کها مينے کونسي چيز رولاتي هی آپکو فرمايا حضرت ام المومنين نے ديکها ميں نے اسي وقت رسول الله صلی عليه وسلم کو خواب مين که آپکے سرمبارک اور ريش مقدس پرگرد و غبار پڑےهين اور آپ روتےهين پهر کها ميں نےکيا حال هی آپکا يا رسول الله فرمايا حاضر هوا ميں ابهي مقتل حسين پر رضي الله عنه اور دوسري روايت کو حضرت جلال الدين سيوطي رحمة الله عليه نے اپني کتاب تاريخ الخلفا ميں بيهقي کے دلائل النبوة سے نقل کي هی عن ابن عباس رضي الله عنه قال رايت رسول الله صلي الله عليه وسلم نصف النهار اشعث اغبر و بيده قارورة فيها دم فقلت بابي انت و امي يا رسول الله ماهذا قال دم الحسين و اصحابه لم ازل التقطه منذ اليوم فاحصی ذلک اليوم فوجد وه قتل يومئذ * روايت هی ابن عباس رضي الله عنه سے فرمايا انهون نے ديکها ميں نے رسول الله صلی الله عليه وسلم کو ( يعني خواب ميں ) دو پهر کے وقت ژوليده مو اور غبار آلود اور آپکے دست مبارک ميں ايك شيشه خون سے بهرا هوا پهر کها ميں نے (فدا هون آپ پر ميرے باپ اور ما) اے رسول خدا يهه کيا هی فرمايا آپنے يهه خون هی حسين کا اور اونکے اصحاب کا رضي الله عنهم اجمعين برابر جمع کرتا رها مين

اوسکو آجکے دن پھر حساب کیا گیا وہ دن تو پایا لوگون نے کہ اوسي دن قتل کئے گئے تھے حضرت حسین رضي الله عنه پس اب ان دونون روایتونسے جنکا حاصل ایکهي هی چند فائدے نکلے اول یہہ کہ حادثات دنیا اور حالات اهل دنیا آنحضرت صلی الله علیه وسلم پر منکشف هوا کرتے هین جسطرح خداوند تعالی کو منظور هو خواہ آپکے اوسمیں تشریف لانےسے یا باعلام آلهي پھر اعلام الهي بلا واسطه هو یا بواسطه خواہ بذریعۂ الهام یا برفع حجاب یعنی پردونکے اُٹھہ جانے سے جیسا حالت حیات مین هوا کرتا تھا دوسرا یہہ کہ الله تعالی نے آنحضرت صلی الله علیه وسلم کو اسقدر قدرت بخشي هی کہ آپ بذات شریف ساتھہ جسد منیف کے جسوقت جس جگہہ چاهیں اور قصد فرماوین تشریف لیجائین اور رونق افروز هووین کیونکہ غبار آلود هونا چهرۂ شریف کا گرد پڑنا سرو ریش مبارك پر رونا اور آنسو بهانا صاف دلایل بیّن و واضح هیں اِس امر پر کہ حضور آپکا مقتل پر اپنے قرة العین حضرت حسین رضي الله عنه فی الکونین کے ساتھہ جسد شریف کے تھا تیسرا یہہ هی کہ جائز هی کہ آنحضرت صلی الله علیه و سلم اپنے دوستون اور محبونکي موت کے وقت وهان تشریف قدوم آرزاني فرماوین جیسا حالت حیات مین تشریف فرما هوا کرتے شرح الصدور اور دوسری کتب معتمدہ میں لکھا هی کہ ارواح مومنیں اونکے اقربا کے مرتے وقت حاضر هوتے هین چوتھا یہہ کہ آنحضرت صلی الله علیه وسلم بعد مطلع هونے اوپر کسي حادثۂ جانکاہ کے جو آپکے دوستون اور محبونکو پهنچے غمگین اور ملول هوتے هین جیسا حالت حیات مین هوا کرتے افسوس هی اوپر قاتلان جگر گوشۂ حضرت خاتم المرسلین رحمة للعالمین شفیع و مشفع یوم الدین کے اور افسوس هی معین و مددگارون پر اون قاتلونکے اور اونکے حکم دینے والون پر کہ کیونکر بعد اس جسارت پر شقاوت کے پھر آپهي کي شفاعت کے امیدوار هین و نعم ماقیل في هذا المعني * شعر *

أَتَرْجُو اُمَّةٌ قَتَلَتْ حُسَيْنًا * شَفَاعَةَ جَدِّهٖ يَوْمَ الْحِسَابِ *

## بیت

• از خصم توان رست بتائید شفیع • آنجا که شود خصم شفیعت چه شود •

پانچوان یہہ کہ جائز ہي کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کسي ایسي مصیبت کي خبر جو آپکے کسي حبیب و قریب کو پہنچے اوسکے کسي دوسرے مخلص کو بطور تعزیت کے ارشاد فرماوین جیسا کہ یہہ خبر مصیبت اثر شہادت حضرت حسین رضي اللہ عنہ کي حضرت ام المؤمنین ام سلمہ رضي اللہ عنہا اور حضرت ابن عباس رضي اللہ عنہ کو کہ یہہ دونون حضرت حسین رضي اللہ عنہ سے کمال الفت و محبت رکہتے اور ہمیشہ آنکي شہادت سے ترسان اور پرسان رہتے تہے پہنچایا • چہتہا یہہ کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اوپر قضاے مبرم کے واقف ہوتے ہیں تسلیم اور رضا اختیار کرتے اور اوسکے وقوع کے وقت صبر و شکیبائي فرماتے ہین جیسا کہ حالت حیات مین فرمایا کرتے •

پس اب ان روایات اور ان وجوہات سے واضح اور لائح ہوا کہ حیات و ممات حق مین اوس قبلۂ حاجات اور مرجع مرادات کے جمیع صفات و کمالات اور صدور معجزات اور وقوع خوارق عادات اور ترحمات و تلطفات مین مساوي الدرجات ہي اب ایک اور دوسري روایت جو اوپر کي روایتون اور تقریرونکو بڑي تائید بخشتي ہی بیان کي جاتي ہي کتاب بہجۃ الاسرار مین ایسي سندون سے کہ اونمین دوسے زائد وسائط نہین ہین یہہ روایت لکہي ہي کہ ایک دن حضرت غوث الثقلین شیخ محي الدین عبد القادر جیلاني قدس اللہ اسرارہٗ کرسي عظمت و جلالت پر بیٹہے وعظ فرمارہے تہے اور قریب دس ہزار آدمیون کے مجلس وعظ مین حاضر تہے اور شیخ علی ابن هیتي پاے کرسي بیٹہے تہے کہ یکایک شیخ علی موصوف کو ایک نیند سي طاری ہوئي پس حضرت غوث الاعظم نے بخطاب قوم فرمایا اسکتوا یعنے چپ ہو جاو فورا سبکے سب چپ ہو گئے پہر اوتر آئے حضرت ممدوح کرسي وعظ سے اور شیخ علی

موصوف کے سامھنے با ادب کھڑے ھو کر اونکي طرف دیکھنے لگے پھر جب بیدار ھئے شیخ علی موصوف فرمایا اونکو حضرت غوث الاعظم نے دیکھا تمنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں کہا شیخ موصوف نے ھان دیکھا فرمایا حضرت غوث نے اسي لئے ادب کیا ھمنے اور آکھڑے ھو ئے تمھارے سامھنے پھر پوچھا حضرت غوث نے کس چیز کي وصیت فرمائي تمکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا آپکي مجلس کي ملازمت کرنے کي - شیخ علی کہتے ھین کہ جو کچھہ مینے خواب میں دیکھا حضرت غوث نے وہ سب بیداري مین مشاھدہ فرمایا انتھی من الشرح الدھلوي اب یہہ قصہ حضرت غوث الاعظم اور شیخ علي ھیئتي کا صاف دلالت کرتا ھی اسبات پر کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شیخ علی موصوف کو اوسکے خواب مین بذات شریف و بجسد لطیف اپنا دیدار سعادت آثار بخشا اور اپني ملازمت با برکت و سعادت سے مشرف اور ممتاز فرمایا کیونکہ اگر یہہ بات نھوتي تو حضرت غوث کا اتنا ادب اور اتنا اکرام اور وہ سکوت و قیام کیون اور کسلئے تھا فتدبروا و تفکروا اور اسي طرح بعض دوسرے عرفانے محافل قدسي مشاکل ذکر میلاد برکت و سعادت بنیاد مین بھي آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بچشم ظاھري مشاھدہ کیا ھی جیسا کہ مولوي محمد سعید ولد قاضي القضاۃ مدراس مولوي محمد صبغۃ اللہ الشافعي سلمہما اللہ تعالی نے اپنے اوس رسالے مین جسکو انھون نے باثبات عمل مولد شریف اور رد اقوال منکران میلاد عموما اور ابطال اسناد مولوي الھداد خصوصا تحریرات اخبار نامہ دوربین پر ابتنا کرکے تالیف کیا ھی اور وہ رسالہ سنہ ۱۲۷۶ ع مین شھر مدراس کے مطبع رحماني صبح صادق مین چھپ گیا ھی اور شھر کلکتہ مین بھي اکثر نسخے اوسکے پھنچ گئے ھین یہہ لکھا ھی کہ سید جلیل یوسف بن محمد المطاح الاھدل نے جو مکۂ معظمہ کے فحول علماے متاخرین مین سے ھین یہہ ارقام فرمایا ھے لامانع من حضور روحہ الشریف اومثال

۲۰۷۰ ۶۲

ذاته فقد صحح ائمة من العلماء و جود المثال و قد ذكر العلامة السيوطي فی کتابہ شرح الصدور ان ذلك صحيح الی قوله و اما مشاهدة حضوره صلی الله علیه وسلم فقد اخبرني الثقاة من اهل الصلاح انهم شاهدوه صلی الله علیه وسلم مرارا عند قرأة المولد الشريف و عند ختم القرآن وبعض الاحاديث و قد اشتهر حضور روحه صلی الله علیه وسلم عند انشاد القصيدة المشهورة بقصيدة السيد ابی جعفر و هي مشهورة الفضل و البركة انتهى خلاصه مطلب اس عبارت کا یهه هی که آپکي روح شریف یا مثال ذات منیف کے موضع ماسوائے قبرشریف میں رونق افروز ہونے کی کوئي شی مانع نہین یعنے حضور آپکا جہان آپکو منظور ہو ممکن الوقوع هی اور صحیح رکھا هی اسکو ( یعنے اعتقاد امکان حضورکو ) ائمۂ علمانے اور علامه جلال الدین سیوطي نے اپني کتاب شرح الصدور مین ذکر فرمایاهی که یهه صحیح هی یہان تك که یهه لکھا هی که دربٰب مشاهدۂ حضور آنحضرت صلی الله علیه وسلم خبر دي مجھکو بہت سے ثقات اهل صلاح نے که بارہا مشاهده کیاهی اونلوگون نے آنحضرت صلی الله علیه وسلم کو مولد شریف کے پڑھتے وقت اور قرآن شریف کے ختم کرتے وقت اور بعض احادیث کے پڑھتے پڑھاتے وقت اور سید ابوجعفر رحمة الله علیه کے قصیدۂ مشهورة الفضل والبرکة کے پڑھتے وقت تو آپکي روح شریف کاتشریف لانا بہت هی مشهور هی آب اعتقاد کرنا کسي مسلمان کا باین طورکه آنحضرت صلی الله علیه وسلم بذات شریف۔ خواه بجسد لطیف یا بمجرد روح نظیف یا بمثال منیف کسي ایك مجلس مین مجالس میلاد شریف کے ساعات قرأت مولد شریف کے کسي ایک جزو مین بشرط قابلیت و مقبولیت اوس مجلس کے رونق افزا هو تے اور اهل مجلس کو سرفراز فرماتے هین بیشك و شبهه درست هی اور اسیطرح اذعان اسباب کا که امید هی که حق سبحانه تعالی اپنے فضل و کرم سے پردے اور حائلون کو اوٹھا دیوے اور زمین بھي بحکم الٰهی سمٹ جاوے اور آنحضرت صلی الله علیه وسلم کو کسي ایك مجلس مولد

شریف کي طرف متوجه کردے پھر آنحضرت بعین عنایت اور بنظر رافت و شفقت اوس محفل کو ملاحظه فرماوین اور حاضرین مجلس کو باین سعادت عظمی اور شرافت کبری مسعود ومشرف فرماوین لاریب حق اور ثابت هی پس جب رونق آفزائی آنحضرت باحتمال غالب ثابت هوئي تو اب علماے کرام وفقہاے عظام نے ایک جزء خاص کو ساعات قرأت مولد شریف کے واسطے قیام بغرض اعظام و اکرام کے مقرر فرمایا اور چونکه بیشتر تشریف بخشی حضرت بوقت ذکر ولادت سراسر برکت و سعادت کے وقوع مین آئي هی اسلئے برعایت الحکم بالغالب کے علی العموم اوسي وقت خاص کو واسطے قیام کے تجویز فرمایا چنانچه یهی تجویز حرمین شریفین اور جمیع بلاد اسلام مین معمول به اورجاري هی اب کسي مخالف و معاند کا محض ازراه عناد جبلی کے اس خلاف پر اصرار و استبداد کرنا سواے گستاخي وبے ادبي بحضرت رسالت مآب کے اور کیا هو سکتا هی اعاذ ناالله وسائر المسلمین عن امثال هذه الجسارة والاقدام باساءة الادب الی حضرة سیدالانام صاحب الکوثر و المقام ووفقنا بافداء نفوسنا و اهداء ارواحنا بتعظیمه علیه الصلوة و السلام الی یوم البعث و القیام اب باقي رها اعتقاد بعض عوام کالانعام کا باین کیفیت که آنحضرت صلی الله علیه وسلم هرمجلس مولود شریف مین تشریف لاتے هین سو یهه اعتقاد البته بلا دلیل اور هرگز قابل اعتماد اور لائق اعتبار نهین هی بلکه اوس عقیدے کو خطا اور غلط سمجھنا چاهئے اور اسکے قائلین کو گستاخ و بے ادب کہنا چاهئے کیونکه بعض مجلسین تو همارے جانے کي بھي قابلیت نهین رکھتین پھرکیونکر حضرت رسالت ماب کي تشریف فرمائي کي لایق هونگي مگر اونکے زعم باطل کو بھي مثل مخالفین کے شرک نسمجھنا چاهئے کیونکه شرک کے معنے شرعا یهه هین که کسي دوسرے کو ذات واجب تعالی کا شریک کردانا جیسا گبر و آتش پرستون کا عقیده هی که وه دو شخص واجب الوجود کو بالتشارک خالق اشیا سمجھتے هین اور

ایک کو یزدان یعنی خالق خیر اور دوسرے کو اهرمن یعنی خالق شر کہتے هین یا کسي دوسرے کو صفات مختصه باري تعالی مین شریک سمجهنا جیسا هندؤن کا اعتقاد هی که وه اپنے دیوتاؤن مین سے کسي کو خالق اور کسي کو رازق اور کسیکو پاني برسانے والا اور کسیکو لڑکا دینے والا اور کسیکو مارنے والا اور کسي کو جلانے والا اسي طرح ایک ایک کو ایک ایک صفت مختص باري تعالی مین شریک سمجہتے هین - سو اس زعم مذکور مین ان دونون صورتون مین سے کوئي صورت پائي نهین جاتي اور اسي طرح اعتقاد کرنا اس امر کا که روح پر فتوح آنحضرت صلی الله علیه وسلم هر مکان مین زمین و اسمان اور مابین اون دونون کے هر زمانے وهرآن مین همیشه موجود اور حاضر هی یهه اعتقاد بهي باطل اور نامقبول هی - همنے تو کبهي ایسا اعتقاد کسي مسلمان سے سنا بهي نهین - ولوفرضنا اگر کوئي جاهل ایسا اعتقاد باطل رکهتا بهي هو تو علماے دیندار پر واجب هی که هرطرح وعظ ونصیحت سے اس عقیده فاسده کو اوسکے دل سے دور کرین نه یهه که عمل مولد شریف کو قبیح اور مکروه کهنے لگین کیونکه اس اعتقاد بے بنیاد کو عمل مولد شریف کے ساتهه کونسا تعلق اور کیا مناسبت هی اسکي صورت تو بعینها ویسي هي هی که ایک جاهل به نسبت کعبه معظمه کے باعتبار لفظ بیت الله کے یهه زعم کرے که کعبه خدا کے رهنے کا گهر هی اور خدا اسکے اندر موجود هی تواب هم پوچهتے هین که آیا اوس جاهل کو اس اعتقاد سے باز رکہا چاهئے یا نعوذ بالله کعبه کو ڈها دینے کي فکر کرني چاهئے

اللهم وفّقنا بجاه محمد علیه الصلوة والسلام باجراء هذ العمل الخیر عمل المولد الشریف عاما بعد عام وایدنا بابطال الا قاویل اللاغیة التي اشاعها بعض من الفرق الخاطیة واهد اللهم تلک الفرق الی المنهج القویم والصراط المستقیم وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العالمین والصلواة والسلام علی خاتم المرسلین وعلی آله واصحابه اجمعین الی یوم الدین *

## Patron.

THE HON'BLE CECIL BEADON,
*Lieutenant-Governor of Bengal.*

## President

*Of the Society and of the Committee of Management*
MAULVIE MAHOMED WUJEEH.

## Vice-Presidents.

KAZEE ABDOOL BARREE,
AND
MOULVIE HAFIZ AJEEB AHMUD.

*Members of the Committee of Management.*

MOONSHEE AMEER ALLY KHAN BAHADOOR.
MOULVIE SYUD AZUMOODDEEN HUSSUN KHAN BAHADOOR
MOULVIE ABBASS ALLY KHAN.
MOONSHEE HUBEEBOOL HUSSUN.
MOONSHEE SUFDUR ALLY KHAN.
NAKHODA HUSSUN IBRAHEEM BIN JOUHUR.
MOULVIE MAHOMED ABDOOR ROWOOF
MOULVIE DULLEELOODDEEN AHMUD KHAN BAHADOOR.
MOULVIE ABDOOL HUKEEM.
MOULVIE ABDOOL HUCK.

*Secretary of the Society and Member and Secretary of the Committ of Management.*

MOULVIE ABDOOL LUTEEF KHAN BAHADOOR.

No. 1.

# A DISCOURSE

## IN OORDOO

ON

## THE CELEBRATION OF THE CEREMONY OF

## MOULUD-I-SHUREEF

OR THE

# PUBLIC RECITAL OF THE LIFE OF THE PROPHET

*(Being an Abridgment of a Pamphlet by Moulvie Mahomed Wujeeh.)*

DELIVERED

BY

Moulvie Abdool Hukeem,

AT THE SECOND AND THIRD MONTHLY MEETINGS OF THE

MAHOMEDAN LITERARY SOCIETY

HELD AT THE RESIDENCE OF

MOULVIE ABDOOL LUTEEF KHAN BAHADOOR,

*On the* 13*th May and* 15*th June*, 1863.

Published by the Mahomedan Literary Society.

CALCUTTA:

PRINTED AT THE BAPTIST MISSION PRESS.

1865.

No. 1.

# A DISCOURSE

IN OORDOO

ON

## THE CELEBRATION OF THE CEREMONY OF

## MOULUD-I-SHUREEF

OR THE

# PUBLIC RECITAL OF THE LIFE OF THE PROPHET

*(Being an Abridgment of a Pamphlet by Moulvie Mahomed Wujeeh.)*

DELIVERED

BY

Moulvie Abdool Hukeem,

AT THE SECOND AND THIRD MONTHLY MEETINGS OF THE MAHOMEDAN LITERARY SOCIETY

HELD AT THE RESIDENCE OF

MOULVIE ABDOOL LUTEEF KHAN BAHADOOR,

*On the* 13*th May and* 15*th June,* 1863.

**Published by the Mahomedan Literary Society.**

CALCUTTA:

PRINTED AT THE BAPTIST MISSION PRESS.

1865.